# آزاد جموں وکشمیر ضلعی ایلیمنٹری تعلیمی بورڈ میرپور آزاد کشمیر

## نوٹیفکیشن!

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (ہائیر سیکنڈری، ہائی، مڈل، پرائمری و پرائیویٹ) سکولز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تعلیمی سیشن 27-2026 کے لیے جماعت پنجم و ہشتم کی رجسٹریشن آن لائن شیڈول حسب ذیل ہوگا۔ online رجسٹریشن بورڈ کے مہیا کردہ بورڈ پورٹل (https://beemajk.com/school-portal) کے تحت مقررہ تاریخ سے قبل بورڈ ہذا میں ہارڈ کاپی رجسٹریشن معہ تصویر، کمپیوٹرائزڈ فیس چالان اور کورننگ لیٹر کے ساتھ پہنچانا لازمی ہوگا۔ تاخیر کی صورت میں تحت ضابطہ جرمانہ لاگو ہوگا۔

### فیس شیڈول جماعت پنجم و ہشتم

| | فیس جماعت پنجم | فیس جماعت ہشتم | فیس جمع کرانے کی آخری تاریخ | رجسٹریشن ریٹرن بورڈ میں وصولی کی آخری تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| پہلا مرحلہ | -/650 روپے فی امیدوار | -/700 روپے فی امیدوار | 23-06-2026 | 25-06-2026 |
| دوسرا مرحلہ لیٹ فیس | -/750 روپے فی امیدوار | -/800 روپے فی امیدوار | 13-07-2026 | 15-07-2026 |
| تیسرا مرحلہ دوگناہ فیس | -/1300 روپے فی امیدوار | -/1400 روپے فی امیدوار | 28-07-2026 | 30-07-2026 |

**نوٹ:۔** ناگزیر حالات کے تحت امتحانی شیڈول جاری ہونے تک تین گناہ فیس رجسٹریشن بعد از منظوری جناب چیئرمین جمع کروائی جاسکتی ہے نیز رجسٹریشن میں کنسیشن یا معاف کرنے کے مجاز جناب چیئرمین ہونگے۔ پرائیویٹ طلباء و طالبات اپنی رجسٹریشن فیس داخلہ فارم و فیس داخلہ کے ساتھ ہی جمع کرواسکتے ہیں۔ پرائیویٹ و ریگولر طلباء و طالبات کی شرح رجسٹریشن فیس مساوی ہوگی۔ **نیز رجسٹریشن میں کسی قسم کی دشواری کی صورت میں اس نمبر (0333-8538564) پر رابطہ کریں۔**

### رجسٹریشن ریٹرن کی تکمیل و ہدایات

۱۔ آن لائن رجسٹریشن فارم میں فارم ب یا سکول کے داخل خارج رجسٹر کے مطابق امیدواران کے درست کوائف (نام، ولدیت، تاریخ پیدائش و دیگر کوائف) کا اندراج کریں۔

۲۔ ہر طالب علم/طالبہ کے مکمل کوائف انگریزی کے Capital / Uppercase میں اندراج کریں۔ اردو اور انگریزی میں نام، ولدیت، تاریخ پیدائش مکمل طور پر درج کریں۔ MOHD. ARIF یا M. ARIF کی بجائے: "MUHAMMAD ARIF" مکمل لکھا جائے۔

۳۔ رجسٹریشن ریٹرن میں طلباء و طالبات کا ریکارڈ مکمل کرنے کے بعد جماعت پنجم و ہشتم کا الگ الگ مکمل فیس چالان جنریٹ کیا جائے۔

۴۔ مقررہ تاریخ سے قبل نام، ولدیت میں غلطی، تاریخ پیدائش میں تضاد کسی قسم کے ریکارڈ میں تبدیل ادارہ کر سکے گا۔ مقررہ تاریخ کے بعد یا فارم کی ہارڈ کاپی بورڈ میں جمع کروانے کے بعد تبدیلی ممکن نہ ہوگی۔ تبدیلی کروانے کی صورت میں فی درستی -/300 روپے فیس وصول کی جائے گی۔

۵۔ طلباء و طالبات کی تصاویر نیلے یا سفید رنگ کے بیک گراؤنڈ والی پاسپورٹ سائز تصویر اپلوڈ کریں۔

۶۔ آن لائن فیس چالان اپلوڈ نہ ہونے کی صورت میں رجسٹریشن کارڈ جاری نہیں ہونگے۔

۷۔ درج بالا شیڈول کے مطابق رجسٹریشن کی تاریخ کے اختتام کے بعد آن لائن رجسٹریشن ممکن نہ ہوگی۔ نیز امتحانی داخلہ کے وقت صرف پرائیویٹ امیدواران کی ہی رجسٹریشن کی جائے گی۔ ریگولر امیدواران کی رجسٹریشن ممکن نہ ہوگی۔

۸۔ اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر (مردانہ/زنانہ) صاحبان اپنے متعلقہ پرائمری ادارہ جات کی ریٹرن حلقہ وائز مرتب کریں گے۔ رجسٹریشن کے ہر صفحہ پر سربراہ ادارہ کی مہر اور دستخط ہونا لازمی ہیں۔

### رجسٹریشن کارڈ و درستی کا طریقہ کار

رجسٹریشن کارڈ ادارہ جات کے پورٹل پر اپلوڈ کر دیے جائیں گے۔ مقررہ تاریخ کے بعد کوائف میں غلطی یا تضاد کی صورت میں رجسٹریشن کارڈز پر درستی اندر دس ایام مبلغ -/300 روپے فیس کمپیوٹرائزڈ اصل چالان اور بنیادی ریکارڈ (ب فارم یا یونین کونسل کا اندراج سٹیفکیٹ، رجسٹر زداخل خارج کی کاپی تصدیق شدہ) سکول کے پورٹل پر Complain کرنے کے بعد ہارڈ کاپی بورڈ میں فراہم کرنے پر درستی کی جائے گی۔

## بورڈ کی علاقائی حدود میں ہجرت (مائیگریشن) کرنے والے طلبہ وطالبات

ایک ادارہ میں رجسٹریشن وداخلہ حاصل کرنے کے بعد کسی دوسرے ادارہ میں ہجرت کرنے یا داخلہ کی صورت میں بورڈ ہذا سے مائیگریشن سٹیفکیٹ/این او سی سکول سے سکول بورڈ سے حاصل کرنا لازمی ہوگا۔ مائیگریشن فارم بورڈ کی ویب سائٹ پر مائیگریشن فارم اور کمپیوٹرائزڈ چالان جمع کروانے کے بعد ہارڈ کاپی بورڈ میں جمع کروانا لازمی ہوگا۔

## اختیاری مضامین/گروپ کی تبدیلی

جماعت ہشتم کے لیے اختیاری مضامین میں عربی، ہوم اکنامکس، ڈرائنگ، زراعت، ووڈورک اور برقیات میں سے کسی ایک کا اندراج کیا جائے۔ رجسٹریشن کارڈ کی اجرائیگی کے بعد 45 دن کے اندر -/500 روپے فیس فی تبدیلی مضمون متعلقہ اکونٹ میں جمع کروا کر اصل چالان معہ درخواست اندر پندرہ ایام میں جمع کرانا لازمی ہوگا۔

## رجسٹریشن ادارہ جات

سابقہ تعلیمی سیشن 26-2025ء میں شامل امتحان ہونے والے ادارہ جات کا login id سابقہ استعمال ہوگا۔ جبکہ نئے تعلیمی سیشن میں شاملین ادارہ جات جو ایلیمنٹری بورڈ میرپور میں پہلی دفعہ رجسٹرڈ ہو رہے ہیں وہ اپنے سکول کے لیٹر پیڈ پر درخواست بنام سیکرٹری ارسال کرنا لازمی ہوگا۔ درخواست میں درج ذیل تفصیل انگریزی میں مہیا کرنا ہوگی (سکول کا مکمل نام، سربراہ ادارہ کا نام عہدہ، فون نمبر، ادارہ کا لینڈ لائن اور موبائل نمبر، سکول کا مکمل ایڈریس جگہ وحلقہ) بعد از تفصیل کوائف درخواست گزار کو سکول کا login id & Password مل سکے گا۔

(منیر حسین چوہدری)

**سیکرٹری**

ضلعی ایلیمنٹری تعلیمی بورڈ میرپور

0344-5150986

نمبر: ای بی ایم/11-901/2026 مورخہ: 25-05-2026

نقل بالا بخدمت:۔

۱۔ جناب پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب وزیر تعلیم سکولز آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد

۲۔ جناب پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب سیکرٹری تعلیم ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن مظفرآباد

۳۔ جناب ناظم اعلیٰ تعلیمات سکولز آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد

۴۔ جناب ڈویژنل ڈائریکٹر سکولز (مردانہ/زنانہ) میرپور ڈویژن میرپور

۵۔ جناب ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (مردانہ/زنانہ) ضلع میرپور

۶۔ جناب ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (مردانہ/زنانہ) ضلع میرپور

۷۔ جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (سرکاری/پرائیویٹ) ضلع میرپور

۸۔ جملہ اے ای او صاحبان (مردانہ/زنانہ) ضلع میرپور

۹۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب ضلع میرپور ریڈیو بغرض اشاعت بطور خبر

۱۰۔ نمائندگان روزنامہ نوائے وقت، جنگ، پاکستان، خبریں، اوصاف، شاہین، کائنات، اساس، بغرض اشاعت بطور خبر

۱۱۔ داخلی تقسیم ۱۲۔ آفس کاپی

**سیکرٹری**

ضلعی ایلیمنٹری تعلیمی بورڈ میرپور